فقہ القرآن

یبنی آدم خذوا زینتکم عند کل مسجد.................... الخ

لباس کے احکام

پوشیدہ اعضاء کو چھپانے کے لئے لباس کی تخلیق اللہ تعالی کی عظیم الشان نعمت ہے اور یہی تقوی ہے ،بے پردگی اور پوشیدہ اعضاء کی برہنگی عظیم شر، فتنہ اور شیطانی اغوا ہے۔اس سے بچنا فرض ہے۔

ایسا لباس جو ستر ڈھانپ سکے نماز میں فرض ہے، نماز مرد پڑھے یا عورت، نماز دن کی ہو یا رات کی، کیونکہ ستر اندھیرے سے نہیں ہوتا بلکہ لباس سے ہوتا ہے، اسی پر اجماع ہے، اگر کسی نے باوجود قدرت کے ستر عورت نہ کیا تو اس کی نماز فاسد ہے۔ اللہ تعالی نے ہر نماز کے لئے ستر عورت کا حکم دیا ہے، حدیث شریف میں ہے، لا یقبل الله صلوة حائض الا بخمار (بالغ بچی کی نماز بغیر چادر اللہ تعالی قبول نہیں کرتا)

مرد کے اعضاء کی پوشیدگی ناف سے گھٹنے تک ہے، ران ستر میں شامل ہے اور اس کا ننگا رکھنا حرام ہے۔ عورت کا تمام جسم ماسوا چہرہ اور ہتھیلیوں کے قابل پوشیدگی ہے۔ کوئی عضو ننگا رکھنا عورت کو حرام ہے۔ حدیث شریف میں ہے (غط فخذك فان الفخذ عورة) ران ڈھانپ کر رکھو کیونکہ ران قابل پوشیدگی ہے۔

یاد رہے جو اعضاء نماز میں ڈھکنا ضروری ہیں نماز کے علاوہ بھی ان کا ڈھکنا ضروری ہے۔ اور ان کا ننگا رکھنا حرام ہے۔

جس آدمی کے پاس اتنا لباس نہ ہو کہ وہ اپنا ستر ڈھانپ سکے وہ بیٹھ کر نماز ادا کرے، شرمگاہ پر ہاتھ رکھے اور رکوع اور سجدہ اشارہ سے کرے تاکہ اس کا ستر زیادہ نہ کھلے۔

عورت کی آواز بھی قابل پردہ ہے۔ غیر محرم سے اسے بچانا فرض ہے اس لئے نماز میں مرد اپنے امام کو سبحان اللہ کہہ کر غلطی پر مطلع کرتا ہے مگر عورت کو چاہئے کہ وہ آواز سے نہیں بلکہ ہاتھ پر ہاتھ مار کر کرے۔

☆ الضرورات تبیح المحظورات ☆ ضرورتیں ممنوعات کو مباح کردیتی ہیں ☆

سنت یہ ہے کہ آدمی نماز کے لئے مسجد میں عمدہ لباس پہن کر جائے۔ خصوصاجمعہ اور عیدین کے لئے عمدہ لباس، بالوں میں کنگھی، اور لباس یابدن پر خوشبو استعمال کرے۔

طواف میں ستر ڈھانپنا واجب ہے۔

عام حالات میں مسنون یہ ہے کہ آدمی پورا لباس پہنے رہے، کرتہ پاجامہ، عمامہ۔ اور عورت چادر، دوپٹہ وغیرہ ضرور استعمال کرے۔ لباس میں کمی یا بے احتیاطی بد اخلاقی کا مظہر ہے۔

سفید لباس سب سے افضل ہے، رنگ دار لباس جائز ہے۔

﴿احکام القرآن جلد سوم، علامہ مفتی محمد جلال الدین قادری﴾

احکام القرآن کی چوتھی جلد شائع ہوگئی

☆

﴿سورۃ التوبہ ۔ سورۃ یونس ۔ سورہ ھود﴾

☆☆

تالیف و تحقیق : مفتی محمد جلال الدین قادری

☆☆☆

چوتھی جلد کے مشمولات میں

۴۱۶۴ حوالہ جات سے مزین،

۵۲ آیاتِ احکام کی تشریح،

۶۴ احادیث مبارکہ سے مؤید ۱۷۵ احکام کا استخراج

یہ قیمتی سرمایہ آج ہی طلب کیجئے

ناشر : ضیاء القرآن پبلی کیشنز لاہور۔ کراچی